بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نمازِ فجر کے بعد تلاوتِ قرآن کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا نمازِ فجر کے بعد تلاوتِ قرآن کرسکتے ہیں؟

## جواب

جی ہاں! نمازِ فجر کے بعد قرآنِ پاک پڑھ سکتے ہیں۔ البتہ جب سورج طلوع ہوجائے تو بیس منٹ تک تلاوتِ قرآن نہ کرنا بہتر ہے۔ اس وقت میں درودِ پاک پڑھنا، تسبیح و دیگر اذکار میں مشغول ہونا بہتر ہے۔

جیسا کہ صدرالشریعہ علیہ الرحمہ مکروہ اوقات میں تلاوتِ قرآن کرنے کا حکم بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "ان اوقات میں تلاوتِ قرآن مجید بہتر نہیں، بہتر یہ ہے کہ ذکرو درود شریف میں مشغول رہے۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ455، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2403

تاریخ اجرا: 22محرم الحرام1447ھ/18جولائی2025ء